روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 8 جون 2009ء 14 جمادی الثانی 1430 ہجری 8/احسان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 126

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر ایک قسم کے خوارق اور معجزات حاصل تھے۔ ہم آپؐ کی شان کیا بیان کریں۔ جس طرف دیکھو' بے شمار معجزات ملیں گے۔ ہر سہ اقسام بالا کے معجزات ملیں گے۔ ہر سہ اقسام بالا کے معجزات کا آپؐ مجموعہ تھے۔ ظاہری خوارق مثل شق القمر وغیرہ' دیگر معجزات جن کی تعداد تین ہزار سے بھی زائد ہے۔ معارف اور حقائق کے معجزات سے تو سارا قرآن شریف لبریز ہے جو ہر وقت تازہ اور نئے ہیں اور بلحاظ اخلاقی معجزات کے خود آپ کا وجود مقدس انک لعلی خلق عظیم (القلم:5) کا مصداق ہے۔ قرآن کریم اپنے اعجاز کے ثبوت میں ان کنتم في ریب مما نزلنا علی............... (البقرہ:24) کہتا ہے یہ معجزات روحانی ہیں۔ جس طرح وحدانیت کے دلائل دیئے ہیں۔ اسی طرح پر اس کی حکمت' فصاحت' بلاغت کی مثل لانے پر بھی انسان قادر نہیں۔ دوسرے مقام پر فرمایا: لئن اجتمعت الانس والجن علی............... (بنی اسرائیل:89)

غرض روحانی معجزات کے بارہ میں کوئی یہ خیال نہ کرلے کہ یہ......کا زعم اور خیال باطل ہے۔ آجکل کے نیچری نہیں بلکہ (وہ لوگ جو) خلاف نیچر (ہیں) یہ نہیں مانتے کہ فصاحت و بلاغت قرآن شریف کا معجزہ ہے۔ سید احمد نے بھی ٹھوکر کھائی ہے اور وہ اس کی فصاحت و بلاغت کو معجزہ نہیں مانتے۔ جب ہم یاد کرتے ہیں تو ہم کو افسوس ہوتا ہے کہ سید احمد نے معجزات سے انکار کیا ہے۔ سید صاحب کسی طور سے معجزہ نہیں مان سکتے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ایک معمولی درجہ کا آدمی یا اعلیٰ درجہ کا آدمی بھی نظیر بنا سکتا ہے' مگر افسوس تو یہ ہے کہ وہ اتنا نہیں جانتے کہ قرآن مجید لانے والا وہ شان رکھتا ہے کہ یتلوا صحفا ......(البینۃ:3`4) ایسی کتاب جس میں ساری کتابیں اور ساری صداقتیں موجود ہیں۔ کتاب سے مراد اور عام مفہوم وہ عمدہ باتیں ہیں جو بالطبع انسان قابل تقلید سمجھتا ہے۔

قرآن شریف حکمتوں اور معارف کا جامع ہے اور وہ رطب و یابس فضولیات کا کوئی ذخیرہ اپنے اندر نہیں رکھتا۔ ہر ایک امر کی تفسیر وہ خود کرتا ہے اور ہر ایک قسم کی ضرورتوں کا سامان اس کے اندر موجود ہے۔ وہ ہر ایک پہلو سے نشان اور آیت ہے۔ اگر کوئی اس امر کا انکار کرے تو ہم ہر پہلو سے اس کا اعجاز ثابت کرنے اور دکھلانے کو تیار ہیں۔ آجکل توحید اور ہستی الٰہی پر بہت زور آور حملے ہو رہے ہیں۔......ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی ہستی اور وجود پر قلم اٹھائے گا۔ اس کو آخر کار اسی خدا کی طرف آنا پڑے گا۔ جو......نے پیش کیا ہے۔ کیونکہ صحیفہ فطرت کے ایک ایک پتے میں اس کا پتہ ملتا ہے اور بالطبع انسان اسی خدا کا نقش اپنے اندر رکھتا ہے۔ غرض ایسے آدمیوں کا قدم جب اٹھے گا۔ وہ......ہی کے میدان کی طرف اٹھے گا۔ یہ بھی تو ایک عظیم الشان اعجاز ہے۔

اگر کوئی شخص قرآن کریم کے اس معجزہ کا انکار کرے تو ایک ہی پہلو سے ہم آزما لیتے ہیں۔ یعنی اگر کوئی شخص قرآن کریم کو خدا تعالیٰ کا کلام نہیں مانتا۔ تو اس روشنی اور سائنس کے زمانہ میں ایسا مدعی خدا تعالیٰ کی ہستی پر دلائل لکھے بالمقابل ہم وہ تمام دلائل قرآن کریم ہی سے نکال کر دکھلا دیں گے۔ پھر وہ ایسے دلائل کا دعویٰ کر کے لکھے جو قرآن کریم میں نہیں پائے جاتے یا ان صداقتوں اور پاک تعلیموں پر دلائل لکھے جن کی نسبت اس کا خیال ہو کہ وہ قرآن کریم میں نہیں ہیں تو ہم ایسے شخص کو واضح طور پر دکھلا دیں گے کہ قرآن شریف کا دعویٰ فیھا کتب قیمۃ (البینۃ:4) کیسا سچا اور صاف ہے' اور یا اصل و فطرتی مذہب کی بابت دلائل لکھنا چاہے تو ہم ہر پہلو سے قرآن کریم کا اعجاز ثابت کر کے دکھلا دیں گے اور بتلا دیں گے کہ تمام صداقتیں اور پاک تعلیمیں قرآن کریم میں موجود ہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص51)

## رسولؐ کی اطاعت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور اگر اس وقت جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا وہ تیرے پاس حاضر ہوتے اور اللہ سے بخشش طلب کرتے اور رسول بھی ان کے لئے بخشش مانگتا تو وہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا پاتے۔

نہیں! تیرے رب کی قسم! وہ کبھی ایمان نہیں لا سکتے جب تک وہ تجھے ان امور میں منصف نہ بنا لیں جن میں ان کے درمیان جھگڑا ہوا ہے۔ پھر تو جو بھی فیصلہ کرے اس کے متعلق وہ اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں اور کامل فرمانبرداری اختیار کریں۔

(النساء:66,65)

## اپنی اصلاح کی فکر کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

**''میں ہر گھر کے دروازے پر کھڑے ہو کر اور ہر گھرانہ کو مخاطب کر کے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتا ہوں اور جو احمدی گھرانہ بھی آج کے بعد ان چیزوں سے پرہیز نہیں کرے گا اور ہماری اصلاحی کوشش کے باوجود اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا وہ یہ یاد رکھے کہ خدا اور اس کے رسول اور اس کی جماعت کو اس کی کچھ پرواہ نہیں ہے وہ اس طرح جماعت سے نکال کے باہر پھینک دیا جائے گا جس طرح دودھ سے مکھی۔ پس قبل اس کے کہ خدا کا عذاب کسی قہری رنگ میں آپ پر وارد ہو یا اس کا قہر جماعتی نظام کی تعزیر کے رنگ میں آپ پر وارد ہو اپنی اصلاح کی فکر کرو اور خدا سے ڈرو اور اس دن کے عذاب سے بچو کہ جس دن کا ایک لحظہ کا عذاب بھی ساری عمر کی لذتوں کے مقابلہ میں ایسا ہی ہے کہ اگر یہ لذتیں اور عمریں قربان کر دی جائیں اور انسان اس سے بچ سکے تو تب بھی وہ مہنگا سودا نہیں، سستا سودا ہے۔''**

(خطبہ جمعہ 23/جون 1967ء از خطبات ناصر جلد 1 صفحہ 762-763)

ہر قسم کی بدرسوم کے خلاف جہاد میں ہر احمدی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

## عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 14-4550/3 معرفت مکرم افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

## 15 جون 2009ء

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am عربی سروس
2-30 am گلشن وقف نو
3-35 am خطبہ جمعہ
4-40 am دورہ حضور انور
6-20 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-35 am تلاوت، خبریں
7-20 am لقاء مع العرب
8-25 am خطبہ جمعہ
9-25 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-50 am روح کی غذا
10-30 am سوال و جواب
11-25 am سیرت النبی ﷺ
12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm چلڈرن کلاس
2-00 pm فرنچ کلاس
2-20 pm طب وصحت
3-00 pm فرنچ ملاقات
4-10 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm خلاف جوبلی کوئیز
6-00 pm تلاوت، خبریں
7-00 pm بنگلہ پروگرام
8-00 pm خطبہ جمعہ
8-55 pm خلافت جوبلی کوئیز
10-00 pm چلڈرن کلاس
10-50 pm فرنچ ملاقات

## 16 جون 2009ء

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
1-20- am لقاء مع العرب
2-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-45 am طب وصحت
3-10 am چلڈرن کلاس
4-00 am خطبہ جمعہ
5-10 am خلافت جوبلی کوئیز
6-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-10 am فرنچ کلاس
7-30 am لقاء مع العرب
8-30 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-45 am خطبہ جمعہ
9-40 am فرنچ سروس
10-45 am طب وصحت
11-10 am خلافت جوبلی کوئیز
12-00 pm تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
1-00 pm گلشن وقف نو
2-10 pm لجنہ اماء اللہ یوکے اجتماع 1995ء
3-00 pm حضرت خلیفۃ المسیح الاول۔ ایک مذاکرہ
4-00 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm خطبہ جمعہ
6-00 pm تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
7-00 pm بنگلہ پروگرام
8-00 pm لجنہ اماء اللہ یوکے خطاب
9-00 pm گلشن وقف نو
10-10 pm لجنہ اماء اللہ یوکے اجتماع 1995ء
11-00 pm حضرت خلیفۃ المسیح الاول

## 17 جون 2009ء

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am عربی سروس
1-25 am خطبہ جمعہ
2-25 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-00 am گلشن وقف نو
4-05 am لجنہ اماء اللہ یوکے اجتماع
5-00 am انتخاب سخن
6-05 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-20 am تلاوت، خبریں
7-05 am لقاء مع العرب
8-05 am حضرت خلیفۃ المسیح الاول
9-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-15 am عربی سیکھئے
10-00 am لجنہ اماء اللہ یوکے اجتماع 1995ء
11-05 am لجنہ اماء اللہ یوکے خطاب
12-05 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm گلشن وقف نو
1-55 pm قرآن سیمینار
3-00 pm سوال و جواب
4-15 pm انڈونیشین سروس
5-10 pm سواحیلی سروس
6-00 pm تلاوت، خبریں
6-50 pm بنگلہ پروگرام
7-50 pm خطبہ جمعہ
8-40 pm قرآن۔سیمینار
9-30 pm گلشن وقف نو
10-40 pm سوال و جواب

## 18 جون 2009ء

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں، درس حدیث
12-30 am عربی سروس
1-30 am لقاء مع العرب
2-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-00 am گلشن وقف نو
4-00 am تقریر جلسہ سالانہ
4-30 am قرآن۔سیمینار
5-25 am خطبہ جمعہ
6-20 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-35 am تلاوت، درس حدیث
7-00 am قرآن۔سیمینار
7-50 am لقاء مع العرب
8-55 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-10 am خطبہ جمعہ
10-05 am کھانے کے بارے پروگرام
10-30 am قرآن۔سیمینار
11-25 am تقریر جلسہ سالانہ
12-05 pm تلاوت، درس ملفوظات
12-40 pm المائدہ
1-00 pm بستان وقف نو
2-05 pm ملاقات پروگرام
3-10 pm ریئل ٹاک
4-10 pm انڈونیشین سروس
5-15 pm پشتو سروس
6-00 pm تلاوت، درس ملفوظات
7-40 pm ترجمۃ القرآن
8-15 pm بیت دارالبرکات برمنگھم کا افتتاح
9-55 pm ملاقات

☆......☆......☆

# دعوت عمل

کیوں سر بگریباں ہو یارو کیا حال بنائے بیٹھے ہو
مدت سے بہاریں آ بھی گئیں تم آس لگائے بیٹھے ہو
جو شیش محل میں رہتے ہیں اک پتھر بس ہے ان کے لئے
پھر شیش محل میں نادانو کیوں ڈیرہ جمائے بیٹھے ہو
کیوں قسمت کو تم کوستے ہو کیا فائدہ رونے دھونے کا
کیوں تاج و تخت کی حرص میں تم ایمان لٹائے بیٹھے ہو
سب امتوں میں اعلون ہو تم یہ مژدہ ہر دم یاد رہے
کیوں قادرِ مطلق کے سچے اقوال بھلائے بیٹھے ہو
دیکھو کہ وہ حسنِ یار ازل کس شان سے ہے پھر جلوہ نما
تم ہو کہ پرانے قصوں کو سینے سے لگائے بیٹھے ہو
شبیر بڑے خوش قسمت ہو آزاد ہو دنیوی دھندوں سے
کس شوق سے کوچۂ جاناں میں تم دھونی رمائے بیٹھے ہو

**چوہدری شبیر احمد**

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## ہدایات برائے سیکرٹریان تعلیم

❁ پاکستان بھر میں چند دنوں تک سکولز اور کالجز میں موسم گرما کی رخصتیں ہو رہی ہیں اس دوران سیکرٹریان تعلیم سے گزارش ہے کہ وہ مندرجہ ذیل امور کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔

(1) ان دنوں میں طلبہ سے مستقل رابطہ رکھیں اور ان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

(2) ہر جماعت میں فری کوچنگ کلاس سینٹر کا قیام ضروری ہے جس میں احمدی اساتذہ، تعلیمی کمیٹی اور ذیلی تنظیموں سے تعاون حاصل کیا جائے اس میں خاص طور پر سائنس مضامین، ریاضی اور انگلش کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائے۔ طالبات کے لئے لجنہ کے ذریعہ کوچنگ کلاس لگائی جائے۔ ان کلاسز میں سوال جواب کے مواقع بھی ہوں تا کہ طلبہ اپنے مسائل Discuss کرسکیں اور مستقبل کی تعلیم کیلئے راہنمائی حاصل کریں۔

(3) موسم گرما کی رخصتوں میں اکثر طلبہ اپنے وقت کا درست مصرف نہیں کرتے اس لئے رخصتوں کے آغاز میں ہی ان طلبہ سے رابطہ کر کے ان کو درج ذیل سرگرمیوں کی طرف توجہ دلائی جائے۔

(i) نئی کلاس کے نصاب کا تعارف (ii) قرآن کریم کا مطالعہ (iii) کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ (iv) نمازوں کی پابندی (v) لکھائی کو بہتر بنانا۔ (vi) ذیلی تنظیموں کے کام میں دلچسپی وغیرہ

(4) جن طلبہ نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کا امتحان دیا ہے ان کے لئے کیریئر پلاننگ کے پروگرامز بطرز سوال وجواب منعقد کئے جائیں اور اس سلسلہ میں ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) سے مدد سے حاصل کی جائے۔

(5) انٹرمیڈیٹ کے بعد کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ طلباء وطالبات پیشہ ور تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کریں اس سلسلہ میں آپ کے پاس ان ادارہ جات کی معلومات ہونی چاہئے تا کہ ان طلبہ کی راہنمائی کرسکیں۔ اس سلسلہ میں نظارت تعلیم ان ادارہ جات میں داخلہ کے اعلانات الفضل میں شائع کرواتی ہے اس کا بھی باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے اور طلبہ کی راہنمائی کی جائے۔

(نظارت تعلیم)

## اعلان داخلہ

❁ ایف سی کالج لاہور نے ایم بی اے میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جون 2009ء ہے جبکہ FMAT ٹیسٹ مورخہ 20 / جون 2009ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 8-042-9231581 اور ویب سائٹ www.fccollege.edu.pk ملاحظہ کریں۔

❁ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد نے ایم ایس سی ٹیکسٹائل انجینئرنگ میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 جولائی 2009ء ہے۔ جبکہ GAT General) NTS) کا رزلٹ 20 جولائی 2009ء تک جمع کروایا جا سکتا ہے۔ انٹرویو 24 جولائی 2009ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 85-041-9230081 اور ویب سائٹ www.ntu.edu.pk ملاحظہ کریں۔

❁ یونیورسٹی آف کراچی نے ایوننگ پروگرام 10-2009 کیلئے ایم ایس، ایم ایس سی، ایم اے اور ڈپلومہ پروگرامز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 جون 2009ء ہے مزید معلومات کیلئے فون نمبر 021-99261300 اور ویب سائٹ www.uok.edu.pk ملاحظہ کریں۔

❁ لیاقت نیشنل میڈیکل کالج کراچی نے سیشن 2010ء کیلئے ایم بی بی ایس میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 4 جولائی 2009ء ہے جبکہ انٹری ٹیسٹ مورخہ 9 / اگست 2009ء کو ہوگا۔

مزید معلومات کیلئے فون نمبر 3-021-4412931 پر رابطہ کریں۔

❁ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد نے درج ذیل فیلڈز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔

i۔ پی ایچ ڈی ۔ii۔ ایم ایس iii۔ ایل ایل بی/ ایل ایل ایم۔ iv۔ ایم اے۔ v۔ بی ایس vi۔ ایم ایس سی viii۔ پی جی ڈی۔

یہ پروگرامز کمپیوٹر سائنس، اسلامک سٹڈیز، اکنامکس، بینکنگ اینڈ فنانس، لاء اور عربی میں آفر ہو رہے ہیں۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2009ء ہے مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ www.iiu.edu.pk اور فون نمبر پر رابطہ کریں۔ (051-9257988,9019616)

(نظارت تعلیم)

## داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

❁ مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی ثناء میں داخلہ برائے سال 2009ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2009ء ہے۔

داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کے لئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہوتو)

2۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی

3۔ درخواست پر صدر صاحب / امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

**اہلیت**

الف۔ امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ 31 / جولائی 2009ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔

ب۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

ج۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

د۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق ودلچسپی ضروری ہے تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو/ٹیسٹ 10,9 / اگست صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔ انٹرویو کے لئے امیدواران کی لسٹ 6 / اگست 2009ء کو نظارت تعلیم ربوہ اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 12 / اگست 2009ء کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

## تحدیث نعمت ۔ نیا ایڈیشن

❁ مکرم محمود احمد قریشی صاحب نائب امیر ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں۔

حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب کی سوانح عمری ''تحدیث نعمت'' کا نیا ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔ کاغذ عمدہ ہے۔ نوصد پچاس صفحات کی کتاب کی قیمت تین صد روپے ہے۔

ملنے کا پتہ: مکرم مولوی بشیر الدین احمد صاحب ناصر لائبریری دارالذکر 115۔ اے علامہ اقبال روڈ لاہور پوسٹ کوڈ نمبر 54010

فون نمبر: 042-6302940

احباب اس مفید کتاب سے استفادہ کریں۔

## دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

❁ مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔ تمام کاروباری احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## امریکی ادیب ٹامس پین

ٹامس پین ایک مشہور امریکی ادیب تھا جس کا مشہور کتابچہ ''کامن سینس'' (Common Sense) امریکہ کے اعلان آزادی کا محرک سمجھا جاتا ہے۔

وہ 29 جنوری 1737ء کو انگلستان میں پیدا ہوا اور انگلستان میں اس کی ملاقات بنجمن فرینکلن سے ہوئی۔ جس کے تعارفی خط کی بدولت وہ امریکہ پہنچا اور فوراً ہی پنسلوانیا میگزین کا مدیر بن گیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب امریکہ میں انگلستان کے ساتھ آئندہ تعلقات کے مسئلے پر دو بڑے طبقے وجود میں آ چکے تھے۔ ایک طرف سیموئل ایڈمز (Samuel Adams) اور جان ہینکاک (John Hancock) جیسے انتہا پسند تھے جو امریکہ کی آزادی کے خواہاں تھے اور دوسری طرف جارج واشنگٹن، بنجمن فرینکلن اور ٹامس جیفرسن جیسے قدامت پرست تھے جو برطانیہ سے وفاداری پر ثابت قدم تھے اور علیحدگی و آزادی کو ناپسندیدہ سمجھتے تھے۔

ان غیر واضح افکار اور کشاکش کے درمیان ٹامس پین تھا جس کی رائے تھی کہ انگلستان سے علیحدگی ناگزیر ہے۔ اس نے اپنے خیالات وافکار کو ایک کتابچے کی شکل میں مرتب کیا جس کا نام ''کامن سینس'' رکھا اور اسے 10 جنوری 1776ء کو شائع کردیا۔

47 صفحات پر مشتمل اس مختصر سے کتابچے نے بھس میں چنگاری کا کام انجام دیا اور تین ماہ کے قلیل عرصہ میں اس کے ایک لاکھ 20 ہزار نسخے فروخت ہو گئے۔ امریکی آبادکاروں کے لئے یہ رسالہ صور اسرافیل ثابت ہوا اور وہ مصالحت اور تذبذب کے چکر سے نکل کر آزادی کے لئے جنگ پر آمادہ ہو گئے خود برطانیہ سے وفاداری کے علمبردار جارج واشنگٹن اور اس کے ساتھی ٹامس پین کے ہمنوا بن گئے۔

انجام کار 4 جولائی 1776ء کو امریکہ کے اعلان آزادی پر دستخط ہوئے اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا وجود عمل میں آ گیا۔

امریکہ کے قیام کے بعد پین کئی سرکاری عہدوں پر مامور رہا۔ 1787ء میں وہ یورپ چلا گیا جہاں اس نے فرانس کے انقلاب کی حمایت میں Age of reason-The rights of Man جیسی کتابیں تحریر کیں۔ اپنی ان کتابوں کے باعث وہ یورپ ہی میں نہیں بلکہ امریکہ میں بھی معتوب رہا اور اس کی زندگی کے آخری ایام بڑی کسمپرسی میں گزرے 8 جون 1809ء کو اس کا انتقال ہو گیا۔

☆☆☆

# خبریں

## دیر بالا، مسجد میں خودکش دھماکہ، 40 افراد جاں بحق 50 سے زائد زخمی

دیر بالا کے علاقے حیاگئی کی مسجد میں خودکش حملہ کے نتیجے میں 12 بچوں سمیت 40 افراد جاں بحق جبکہ 50 سے زائد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ صدر، وزیراعظم وفاقی وزراء اور سیاسی رہنماؤں نے دیر بالا دھماکے کی شدید مذمت کی ہے جبکہ وزیراعظم اور وزیر اعلیٰ سرحد نے دھماکے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا۔

## ریسکیو 15 پر دھماکے کا ماسٹر مائنڈ گرفتار

لاہور میں پولیس ریسکیو 15 کی عمارت پر دھماکے کے ماسٹر مائنڈ کو ملتان سے گرفتار کر لیا گیا۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق ملزم نے دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی میں بارود نصب کیا تھا۔ مبینہ دہشت گرد کا نام کمانڈر خالد بن ولید ہے۔

## چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی صدر زرداری سے ملاقات

چیف جسٹس آف پاکستان افتخار محمد چوہدری نے صدر زرداری سے ملاقات کی۔ چیف جسٹس کے عہدے پر بحالی کے بعد چیف جسٹس کی صدر مملکت سے یہ پہلی ملاقات تھی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں چیف جسٹس نے صدر کو نئی جوڈیشل پالیسی کی اہم باتوں سے آگاہ کیا۔ صدر نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی و مختاری ہماری اولین ترجیح ہے۔ منتخب جمہوری حکومت اداروں کو مضبوط کر رہی ہے۔

## قومی اسمبلی کے حلقہ 123 میں پولنگ 30 جون کو ہوگی

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 123 لاہور میں پولنگ کی تاریخ 30 جون جبکہ راولپنڈی کے حلقہ این اے 55 میں ضمنی انتخاب کے حوالے سے پوسٹل بیلٹ کیلئے درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ 20 جون مقرر کر دی ہے۔

## شدت پسندوں کو دوبارہ منظّم ہونے سے روکنا بڑا چیلنج ہے

مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے کہا ہے کہ تحریک نفاذ شریعت کے سربراہ صوفی محمد کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن عسکریت پسند کمانڈروں کو گرفتار کیا گیا ہے ان کے بارے تفصیلات سے جلد آگاہ کر دیا جائے گا۔ سوات کے بڑے علاقے سے شدت پسندوں کا صفایا کیا جا چکا ہے۔ محفوظ علاقوں میں بے گھر افراد کی واپسی کیلئے منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے۔ حکومت کیلئے اصل چیلنج شدت پسندوں کو دوبارہ منظّم ہونے سے روکنا ہے۔

## خون کے ایک قطرے سے سرطان کی تشخیص ممکن

طبی ماہرین نے ایک نیا ٹیسٹ تیار کیا ہے جس کے تحت خون کے ایک قطرے سے سرطان کی تشخیص اور علاج معالجے کے متعلق فوری معلومات حاصل ہو جائیں گی۔ اسٹین فورڈ یونیورسٹی سکول آف میڈیسن نے ایک خاص نظام کے تحت یہ ٹیسٹ تیار کیا ہے، شروع میں یہ ٹیسٹ صرف خون کے سرطان کی تشخیص کیلئے استعمال ہوگا مگر ماہرین پرامید ہیں کہ اس ٹیسٹ کے ذریعہ کینسر کی دیگر اقسام کی تشخیص ممکن ہوگی۔ خاص طور پر جسم کے اندر رسولیوں کی نشاندہی کی جا سکے گی۔ یہ تحقیق جریدے ''نیچر'' میں شائع ہوئی ہے جس کو ڈاکٹر ایلس فین نے مکمل کیا ہے۔

## دیوار چین کی لمبائی اندازوں سے کہیں زیادہ

ماہرین نے جدید ترین ٹیکنالوجی اور جامع سروے کے بعد کہا ہے کہ دیوار چین کی لمبائی موجودہ پیمائش کے اندازوں سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ ایک چینی اخبار کے مطابق چین کو غیر ملکیوں سے بچانے کے لئے کئی صدیوں پہلے تعمیر کی جانے والی یہ دیوار 8851.8 کلومیٹرز سے بھی زیادہ طویل ہے۔ جبکہ قبل ازیں لگائے گئے اندازوں اور تاریخی ریکارڈ کے مطابق یہ دیوار 5 ہزار کلومیٹر طویل قرار دی گئی تھی۔ ماہرین نے حال ہی میں لیزر ٹیکنالوجی اور گلوبل پوزیشنگ کی مدد سے دوبارہ سروے اور پیمائش کی ہے۔ قدیم دور میں دفاعی نقطہ نظر سے تعمیر کی گئی اصل دیوار کی لمبائی 6259.6 کلومیٹر ہے جس میں 359.7 کلومیٹرز کی گھاٹیاں اور 2232.5 کلومیٹرز کی قدرتی رکاوٹیں پہاڑیاں اور دریا شامل ہیں۔

## ضروری اطلاع

❁ بجلی کی طویل بندش اور جنریٹر کی خرابی کی وجہ سے آج کا اخبار 4 صفحات پر مشتمل ہے۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

(ادارہ)

## شرح چندہ الفضل بیرون ربوہ

(ڈاک خرچ شامل ہے)

سالانہ چندہ (روزنامہ) -/1800 روپے
ششماہی چندہ (روزنامہ) -/900 روپے
سہ ماہی چندہ (روزنامہ) 450 روپے
صرف خطبہ نمبر (سالانہ) -/400 روپے

## شرح چندہ الفضل اندرون ربوہ

ربوہ میں چونکہ ڈاک خرچ نہیں ہوتا اس لئے ربوہ کے خریدار حضرات کے لئے شرح چندہ یہ ہے۔

سالانہ چندہ (روزنامہ) -/1600 روپے
ششماہی چندہ (روزنامہ) -/800 روپے
سہ ماہی چندہ (روزنامہ) -/400 روپے
صرف خطبہ نمبر (سالانہ) -/400 روپے

## شرح چندہ بیرون پاکستان

(ڈاک خرچ شامل ہے)

**براعظم ایشیا، یورپ اور افریقہ کے لئے**

روزانہ -/14300 روپے
ہفتہ وار پیکٹ -/8800 روپے
صرف خطبہ نمبر -/3000 روپے

**براعظم امریکہ و آسٹریلیا اور پیسفک جزائر (فجی) کیلئے**

روزانہ -/16500 روپے
ہفتہ وار پیکٹ -/10300 روپے
خطبہ نمبر -/3500 روپے

**بنگلہ دیش کے لئے**

روزانہ -/9200 روپے
ہفتہ وار پیکٹ -/5900 روپے
صرف خطبہ نمبر -/2100 روپے

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## ربوہ میں طلوع و غروب 8 جون

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:32 |
| طلوع آفتاب | 6:00 |
| زوال آفتاب | 1:07 |
| غروب آفتاب | 8:14 |

سچی بوٹی کی گولیاں
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
PH:047-6212434

خالص سونے کے زیورات
Ph:6212868
Res:6212867
Mob: 0333-6706870
فینسی جیولرز
میاں اظہر احمد
میاں مظہر احمد
محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

زدجام عشق (اصل) | اکسیر بواسیر | تریاق فشار | سفوف خاص (مردوں کیلئے) | فضل خاص (اولاد نرینہ کے کورس)
اٹھرا خاص
بفضل خدا تمام ادویہ 100 فیصد معیاری اور تسلی بخش تیار کی جاتی ہیں بیرون ملک افراد کیلئے خاص سہولت
گولبازار ربوہ حکیم قمر احمد طیب رجسٹرڈ درجہ اول
فضل ربی دواخانہ
047-6216075
0333-6707226

ٹیڑھے دانتوں کا علاج فکسڈ بریسز سے کیا جاتا ہے
مجید کلینک گورونانک پورہ
صبح 9 بجے سے 2 بجے تک
ڈینٹل سرجن ڈاکٹر وسیم احمد ثاقب بی ڈی ایس فیصل آباد
احمد ڈینٹل سرجری
شام 6 بجے سے 10 بجے تک
احمد ڈینٹل سرجری ستیانہ روڈ پیپلز کالونی فیصل آباد
0300-9666540-041-8549093


سمیع سٹیل ٹریڈرز
مینوفیکچرز اینڈ جنرل آرڈر سپلائرز
اعلیٰ قسم کے لوہے کی چوکھاٹ کا مرکز
ڈیلرز: G.P_C.R.C_H.R.C شیٹ اینڈ کوائل
طالب دعا: میاں عبدالسمیع، میاں عمر سمیع، میاں سلمان سمیع
81-A سٹیل شیٹ مارکیٹ لنڈا بازار لاہور
Mob:0300-8469946-0302-8469946
TeL:042-7668500-7635082

FD-10

فروٹ اینڈ ویجیٹیبل کمیشن ایجنٹس
YI ٹریڈ مارک
طالب دعا: محمد رزاق، محمد یعقوب، محمد الیاس
دکان 142، سیکٹر آئی الیون فور، ہول سیل ویجی ٹیبل مارکیٹ۔ اسلام آباد
Shop:4441379, Off:4438142-3 Res:4842723
رزاق: 0300-9724010 الیاس: 0300-5282738

پلاٹ برائے فروخت
7 مرلہ واقع دارالعلوم غربی ربوہ
رابطہ: 0334-6360797

MEHREEN TRAVELS
our Servicses
* Air Ticketing & Reservation.
* Hotel Reservations.
The best services in affordable price
Yes your own travel consultant: Mehreen Travels.



For any enquiry :
Please contact: 042-6280443-44 Cell#:0345-4033286 Fax #: 6280506
108-B- Sadiq plaza, 69 shahrah-e-Quaid-e-Azam Lahore
E-mail:mehreentravels@hotmail.com

AHMAD MONEY CHANGER
We Deal in All Foreign Currencies
you are always Welcome to:
State Bank Licence No.11
PREMIER EXCHANGE CO.'B' PVT. LTD.
Chief Exective: Basharat Ahmad Sheikh
Head Office: B-1 Raheem Complex, Main Market, Gulberg II, Lahore. Tel#:5757230, 5713728, 5752796, 5713421, 5750480
Fax#: 5760222 E-mail:amcgul@yahoo.com